# پریس ریلیز

(Also emailed*/faxed separately)

## گیلانی ریسرچ فاؤنڈیشن کا رائے عامہ سروے
## موضوع: "کرونا وائرس"

# 39% پاکستانیوں کے مطابق گذشتہ ایک ہفتے کے دوران وہ پانچ سے زائد دنوں تک گھر پر رہے اور اُنھوں نے اپنے سماجی رابطے کو محدود رکھا۔

**(گیلپ & گیلانی پاکستان ہفتہ وار کورونا وائرس پر سیپشن ٹریکر)،**

اسلام آباد، 15 مئی، 2020

گیلپ & گیلانی پاکستان کے ایک حالیہ سروے کے مطابق، 39% پاکستانیوں کے مطابق گذشتہ ایک ہفتے کے دوران وہ پانچ سے زائد دنوں تک گھر پر رہے اور اُنھوں نے اپنے سماجی رابطے کو محدود رکھا۔

سروے میں ملک بھر سے شماریاتی طور پر منتخب خواتین و حضرات سے یہ سوال پوچھا گیا تھا کہ، **"پچھلے 7 دنوں میں سے کتنے دن آپ سارا وقت گھر میں رہے یعنی کسی بھی وجہ یا کام کے لیئے باہر نہیں نکلے یا کوئی مہمان یا ملاقاتی آپ کے گھر آیا؟"** ۔اس سوال کے جواب میں32% جوابدہندگان کے مطابق اُنھوں نے گزشتہ ایک ہفتے کے دوان بالکل بھی سماجی دوری اختیار نہیں کی، 5% جوابدہندگان کے مطابق اُنھوں نے ایک دن کے لیے، 7% جوابدہندگان کے مطابق اُنھوں نے دو دنوں کے لیے، 4% جوابدہندگان کے مطابق اُنھوں نے تین دنوں کے لیے، 7% جوابدہندگان کے مطابق اُنھوں نے چار دنوں کے لیے، 6% جوابدہندگان کے مطابق اُنھوں نے پانچ دنوں کے لیے، اور زیادہ 39% جوابدہندگان کے مطابق اُنھوں نے پانچ سے زیادہ دنوں کے لیے سماجی دوری اختیار کی۔

**شہری اوردیہی علاقوں کی بنیاد پر: شہری علاقوں سے تعلق رکھنے والے پاکستانیوں کی زیادہ شرح نے سماجی دوری پر عمل پیرا ہونے کا دعوی کیا۔**

کل جوابدہندگان میں سے، شہری علاقوں سے تعلق رکھنے والے 42% جوابدہندگان کے مطابق اُنھوں نے پانچ سے زائد دنوں کے لیے سماجی دوری اختیار کی، جبکہ کم 35% دیہی علاقوں سے تعلق رکھنے والے جوابدہندگان نے اسی رائے کا اظہار کیا۔

**صوبوں کے حوالے سے نتائج: پنجاب سے تعلق رکھنے والے جوابدہندگان کی زیادہ شرح نے پانچ سے زیادہ دنوں کے لیے سماجی دوری اختیار کرنے کا دعوی کیا، اس کے بعد بلوچستان سے تعلق رکھنے والے جوابدہندگان نے اسی رائے کا اظہار کیا۔**

پنجاب سے 45%، بلوچستان سے 43%، سندھ سے 31% اور خیبر پختونخواسے صرف 16% افراد کا دعوی ہے کہ وہ گزشتہ ایک ہفتے کے دوران پانچ سے زائد دنوں تک گھر پر رہے اور اُنھوں نے اپنے سماجی رابطے کو محدود رکھا۔


**عمر کی بنیاد پر نتائج: 50 سال سے زائد عمر کے جوابدہندگان زیادہ تر سماجی دوری کے اصولوں کی پابندی کر رہے ہیں۔**

پانچ دنوں سے زائد عرصے تک گھر میں رہنے کا دعوی کرنے والے کل جواب دہندگان میں سے، 30 سال سے کم عمر کے جوابدہندگان میں اس حوالے سے شرح 33% رہی، 30 سے 39 سال کی عمر کے جوابدہندگان میں اس حوالے سے شرح 35% رہی، 40 سے 49 سال کی عمر کے جوابدہندگان میں 42% رہی اور 50 سال سے زائد عمر کے جوابدہندگان میں اس حوالے سے زیادہ شرح 53% رہی۔

**صنف کی بنیاد پر نتائج: مرد حضرات کی نسبت خواتین کی زیادہ شرح نے سماجی روابط کو محدود رکھا۔**


45% خواتین اور 31% مرد حضرات کا دعوی ہے کہ وہ گذشتہ ایک ہفتے کے دوران پانچ سے زائد دنوں تک گھر پر رہے اور اُنھوں نے سماجی رابطے کو محدود رکھا۔

"پچھلے 7 دنوں میں سے کتنے دن آپ سارا وقت گھر میں رہے یعنی کسی بھی وجہ یا کام کے لیئے باہر نہیں نکلے یا کوئی مہمان یا ملاقاتی آپ کے گھر آیا؟"





*Source: Gallup Pakistan Coronavirus Attitude Tracker Survey 2020, Wave 4*
*Fieldwork conducted by Gallup Pakistan, the Pakistani affiliate of Gallup International Association*
*(www.gallup-international.com; www.gallup.com.pk, www.gilanifoundation.com)*


## صنف کی بنیاد پر نتائج





## شہری اور دیہی علاقوں کی بنیاد پر




## عمر کی بنیاد پر نتائج




## صوبوں کے حوالے سے نتائج




اس مطالعے کو گیلانی ریسرچ فاؤنڈیشن نے جاری کیا اور یہ سروے گیلپ انٹر نیشنل سے منسلک گیلپ اور گیلانی پاکستان کی مدد سے کیا گیا۔ یہ سروے گیلپ پاکستان کورونا وائرس ایٹیٹیوٹ ٹریکر سروے 2020، ویو 4 کے ایک حصے کے طور پر، ٹیلیفون کے ذریعے پاکستان کے چاروں صوبوں کی دیہی و شہری آبادی کے 1500 مرد وخواتین سے 14 اپریل تا 24 اپریل 2020 میں منعقد ہوا۔ غلطی کے امکان کا تخمینا شماریاتی طور پر 95% اعتماد کے ساتھ تقریباً ±3% لگایا گیا ہے۔

***Opinion Poll from Gallup Pakistan***

*The Pakistani Affiliate of Gallup International*

GILANI RESEARCH FOUNDATION

**Friday, 15 May 2020**

*(2 Pages, Urdu version only)*

***Gilani Research Foundation is a not for profit public service project to provide social science research to students, academia, policy makers and concerned citizens in Pakistan and across the globe.***

*Gilani Research Foundation is headed by Dr. Ijaz Shafi Gilani who pioneered the field of opinion polling in Pakistan and established Gallup Pakistan in 1980. Currently Dr. Gilani, who holds a PhD from the Massachusetts Institute of Technology (MIT) and has taught at leading universities in Pakistan and abroad, is Chairman of Gallup Pakistan.*

*If you have any further questions regarding this poll, please feel free to contact us.*

*Best Regards,*

*Ms. Fatima Idrees*
*Phone: +92-51-2655630*
*E-mail:* fatima.idrees@gilanifoundation.com

***Disclaimer:*** *Gallup Pakistan is not related to Gallup Inc. headquartered in Washington D.C. USA. We require that our surveys be credited fully as Gallup Pakistan (not Gallup or Gallup Poll). We disclaim any responsibility for surveys pertaining to Pakistani public opinion except those carried out by Gallup Pakistan, the Pakistani affiliate of Gallup International Association. For details on Gallup International Association see website:* *www.gallup-international.com*

***Disclaimer:*** *Gallup Pakistan and Gilani Research foundation are a nonpartisan fact tank and think tank respectively. As a neutral source of data and analysis, both organizations do not take policy positions.*

Daily Gilani Poll
2020

celebrating 40 years

of Gallup Pakistan
(1980-2020)